## Secretary's Department

UBL/Advertisement/AGM-57/16
March 2, 2016

**Form-4**

**The General Manager**
Companies Affairs
**Pakistan Stock Exchange Limited**
Stock Exchange Building,
Stock Exchange Road,
Karachi.

Dear Sir,

**NOTICE OF HOLDING 57TH ANNUAL GENERAL MEETING**
**UNITED BANK LIMITED ("UBL")**

Please find enclosed copy of Notices of 57th Annual General Meeting (Urdu & English) to the shareholders of United Bank Limited to be held on **25 March 2016** at Islamabad Marriot Hotel, Islamabad, for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

We intend to publish these Notices in Daily **Nawa-e-Waqt** (*in Urdu*) and **Business Recorder** (*in English*) combined editions i.e. Karachi, Lahore and Islamabad on **03-March-2016.**

Yours faithfully,

**Syed Zulfiqar Hussain**
Head Secretary's Department

Encl: as above

C.c. to:

**The Commissioner**
Enforcement & Monitoring Division,
**Securities and Exchange Commission of Pakistan,**
NIC Building, Jinnah Avenue,
Islamabad.

UBL where you come first

# NOTICE OF 57TH ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 57th Annual General Meeting ("AGM") of the Shareholders of United Bank Limited (the "Bank" or "UBL") will be held on Friday, 25 March 2016 at 09:30 a.m. at Islamabad Marriott Hotel, Islamabad to transact the following business:

**Ordinary Business:**

1. To confirm the minutes of the 56th Annual General Meeting held on 27 March 2015.
2. To receive, consider and, if thought fit, adopt the Annual Audited Accounts (consolidated and unconsolidated), Statement of Compliance with the Code of Corporate Governance 2012 of the Bank for the year ended 31 December 2015 together with the Directors' Report and Auditors' Report thereon.
3. To consider and, if thought fit, approve as recommended by the Board of Directors, final cash dividend at the rate of Rs. 4.00 per share i.e. 40%, in addition to 90% interim dividend already declared/paid for the year ended 31 December 2015.
4. To consider and, if thought fit, appoint two External Auditors to hold office from this AGM till the conclusion of the next AGM of the Bank and to fix their remuneration. The retiring External Auditors namely, M/s. A. F. Ferguson & Company, Chartered Accountants and M/s. KPMG Taseer Hadi & Company, Chartered Accountants being eligible, have offered themselves for reappointment.

**Special Business:**

5. To consider and, if thought fit, approve the amount of remuneration paid to the Non-executive Directors of the Bank for attending the Board and/or Committees meetings held during the year and in that connection to pass the following resolution, as an ordinary resolution, with or without modification, addition or deletion:

   "RESOLVED that the remuneration paid to the non-executive directors of UBL including the Chairman during the year 2015, for attending the Board and / or Committees meetings as disclosed in the Note 37 of the Audited Financial Statements of the Bank for the year ended 31 December 2015, be and is hereby confirmed and approved on post facto basis."

6. To consider and, if thought fit, approve the amendments in Articles of Association of the Bank (the Articles) by deleting Article 94(20) of the Articles and in that connection to pass the following resolution, as a special resolution with or without modification, addition or deletion:

   "RESOLVED that subject to the approval of the Pakistan Stock Exchange and the State Bank of Pakistan, the clause 94(20) of the Articles of Association of United Bank Limited be and is hereby deleted."

   A Statement of Material Facts under Section 160(1)(b) of the Companies Ordinance 1984 relating to the aforesaid Special Business to be transacted at the said Annual General Meeting is being sent to the Members with the Notice of AGM.

7. To transact any other business with the permission of the Chairman

By order of the Board
**Aqeel Ahmed Nasir**
Company Secretary &
Chief Legal Counsel

**Karachi.**
**Dated: 03 March, 2016**

**Notes:**

1. The Share Transfer Books of the Bank shall remain closed from 17 March 2016 to 25 March 2016 (both days inclusive). Transfers received at M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, 2nd Floor, State Life Building No.3, Dr. Ziauddin Ahmed Road, Karachi, the Registrar and Share Transfer Agent of the Bank, by the close of the business on 16 March 2016 will be treated in time for the purpose of the above entitlement.
2. A member entitled to attend and vote at the above Annual General Meeting is entitled to appoint a person as a proxy to attend and vote for and on his/her behalf. The instrument appointing a proxy and the power of attorney or other authority (if any) under which it is signed or a notarized certified copy of the power or authority shall be deposited at the office of M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, 2nd Floor, State Life Building No.3, Dr. Ziauddin Ahmed Road, Karachi, the Registrar and Share Transfer Agent of the Bank, not later than 48 hours before the time of holding the meeting, and must be duly stamped, signed and witnessed.
3. The CDC Account Holders and Sub-account Holders, whose registration details are available in the Share Book Details Report, shall be required to produce their respective original Computerized National Identity Card (CNIC) or original Passport at the time of attending the Annual General Meeting to facilitate identification. Such Account Holders and Sub-Account Holders should also bring / know their respective participation I.D. No. and the CDC Account No. and in case of proxy, he/she must enclose an attested copy of his/her CNIC or Passport. Representative(s) of corporate member(s) should bring attested copy of Board of Directors Resolution / Power of Attorney and/ or all such documents that are required for such purpose under Circular No.1 dated 26th January 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP").
4. Members are requested to timely notify any change in their addresses and provide copies of their CNIC /NTN (if not provided earlier) to Bank's Registrar / Share Transfer Agent, M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, 2nd Floor, State Life Building No. 3, Dr. Ziauddin Ahmed Road, Karachi.
5. Deduction of Withholding Tax on the Amount of Dividend:

   As per the provisions of Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 ("Ordinance"), different rates are prescribed for deduction of withholding tax on the amount of dividend paid by the companies. The current withholding tax rates are as under:

   | | | |
   |---|---|---|
   | (a) | For filers of income tax returns: | 12.50% |
   | (b) | For non-filers of income tax returns: | 17.50% |

   To enable the Bank to make tax deduction on the amount of cash dividend @ 12.50% instead of 17.50%, all the shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) provided on the website of the Federal Board of Revenue ("FBR"), despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL before the date of issuance of Dividend Warrants, otherwise tax on their cash dividend will be deducted @ 17.50%.

   The Corporate shareholders having CDC account are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificates to the Bank or Bank's Share Registrar and Share Transfer Agent, M/s. THK Associates (Pvt.) Limited. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote company name and their respective Folio numbers.

   As per FBR's clarification letters C.No. 1(29)WHT/2006 dated June 30, 2010 and C.No.1(43)DG(WHT)/2008-Vol-II.664 17-R dated May 12, 2015, the valid Exemption Certificate under Section 159 of the Ordinance is mandatory to claim exemption of withholding tax under Clause 47B of Part-IV of Second Schedule to the Ordinance. Those who fall in the category mentioned in above Clause must provide valid Tax Exemption Certificate to our Shares Registrar; otherwise tax will be deducted on dividend amount as per rates prescribed in Section 150 of the Ordinance.

   For shareholders holding their shares jointly as per the clarification issued by the FBR, withholding tax will be determined separately on "Filer / Non-Filer" status of Principal shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions. Therefore, all shareholders who hold shares jointly are required to provide shareholding proportions of Principal shareholder and Joint-holder(s) in respect of shares held by them to the Registrar and Share Transfer Agent in writing as follows:

   | Folio / CDC Account No. | Total shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder(s) | |
   |---|---|---|---|---|---|
   | | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
   | | | | | | |
   | | | | | | |

   For any query/difficulty/information, the members may contact the Bank's Share Registrar and Share Transfer Agent, at the following address, phone/fax numbers or e-mail address:

   **THK Associates (Pvt.) Limited**
   Head Office
   2nd Floor, State Life Building No. 3, Dr. Ziauddin Ahmed Road, Karachi-Pakistan. P.O. Box No. 8533,
   UAN: +92-21-111-000-322, Direct: +92-21-35693094-95,
   Fax: +92-21-35655595,
   Email: secretariate@thk.com.pk
   Web: www.thk.com.pk

6. Urgent Provision of Valid CNIC Copy (Mandatory)

   In pursuance with the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") Notification No. SRO.831 (1)/2012 of July 05, 2012 in supersession of earlier notification No. SRO779 (I)/2011 of August 18, 2011, SECP has directed all listed companies to mention Computerized National Identity Card (CNIC) / NTN numbers of the registered members on the dividend warrants and on every list submitted to the SECP including submission of Form-A (annual list of shareholders). Please note that in case of non-availability of valid copy of CNIC in respect of members having physical shareholding, their dividend warrants could be withheld.

   You are therefore requested to submit a copy of your valid CNIC/NTN/Passport Number within Ten (10) days from the date of this Notice to the Bank's Share Registrar and Share Transfer Agent. In case you have already provided copy of your valid CNIC, please ignore this instruction.

7. Dividend Mandate Option (E-Dividend)

   This is to inform that under Section 250(1) of the Companies Ordinance, 1984, a shareholder may, if he/she so desires, direct a company to pay dividend directly into his/her bank account.

   In pursuance of the directions given by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide Circular No. 18 of 2012 Dated June 05, 2012, and SECP letter No. 8(4) SM/CDC 2008 dated April 05, 2013, the shareholders are encouraged to provide dividend bank mandate for payment of cash dividend electronically. The notice portion would continue to be sent at the registered address of the shareholder.

   The Bank is taking steps for electronic credit of the dividend warrants into the accounts of the shareholders who have opted for bank mandate in phased manner. Dividend Mandate Form is appended below.

   **Dividend Mandate Form**
   I, ______________________________ S/o., D/o., W/o., ______________________ hereby authorize United Bank Limited to directly credit cash dividends declared by it, in my bank account as detailed below:

   | | |
   |---|---|
   | (i) Share holder's details: | |
   | Name of the Shareholder | |
   | Folio No./CDC Participation ID and Account No./Sub-Account No. | |
   | CNIC No./NTN (attested copy of valid CNIC attached) | |
   | Passport No. (in case of foreign national – attested copy attached) | |
   | Contact Numbers<br>Landline Number:<br>Cell Number: | |
   | (ii) Shareholder's Bank detail: | |
   | Title of Bank Account | |
   | Bank Account Number | |
   | Bank's Name | |
   | Branch Name & Code No. | |

   It is stated that the above particulars given by me are correct and I shall keep the Bank informed in case of any changes in the said particulars in future.

   ______________________
   **Signature of the Shareholders**

   For Physical Shareholders:

   To avail Bank Mandate option, please fill the above Form and send it to Bank's Registrar / Share Transfer Agent, M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, 2nd Floor, State Life Building No. 3, Dr. Ziauddin Ahmed Road, Karachi.

   For CDC Account Holders:

   The CDC Investor Account holders may please note that they can also avail the facility of Bank Mandate option and for this they have to instruct the Central Depository Company of Pakistan Limited (CDC).

   For Sub-Account Holders (CDC) Maintained at Brokerage Houses:

   The CDC Account Holders who maintain their accounts at brokerage house(s) may please instruct their respective brokerage house to record Bank Mandate option by using and dispatching the above Form, in order to credit dividend in their Bank Account directly.

   Please note that this dividend mandate is optional and not compulsory. In case any member does not wish for his/her dividend to be credited directly into his/her bank account then the same shall be paid to such member in physical form by way of dividend warrant.

8. Electronic Transmission of Annual Accounts/Financial Statements and Notices:

   The SECP through SRO 787 (I)/2014 dated 8th September 2014 allowed companies to circulate annual balance sheet, profit and loss account, auditor's report and directors' report along with Notice of AGM to its members through e-mail. Members who wish to avail this facility can give their consent to the Bank's Company Secretary for this purpose along with their email addresses, via email to company.secretary@ubl.com.pk.

   Please note that the Annual Reports / Financial Statements are also available on the Bank's website at the link:

   http://www.ubldirect.com/Corporate/InvestorRelations/FinancialStatement.aspx

   In case any member who has provided consent to receive Annual Report / Financial Statements and Notice of AGM through e-mail subsequently requests for a hard copy, the same shall be provided free of cost within 7 days of the receipt of such request.

9. Consent for Video Conference Facility:

   In terms of SECP Circular No.10 of 2014 dated 21 May 2014, members can also attend and participate in the AGM through video conference facility in Karachi and /or Lahore, if members residing in the vicinity, collectively holding 10% or more shareholding, provide their consent, in writing, to participate in the meeting through video conference as per the following format at least ten (10) days prior to date of meeting.

   After receiving the consent of the members in aggregate 10% or more shareholding, the Bank will intimate members regarding venue of video conference facility at least five (5) days before the date of general meeting along with complete information necessary to enable them to access such facility.

   Consent for Video Conference Facility

   I/We, ________________________ of ________________________, being a member of United Bank Limited, holder of ____________________ ____________________ Ordinary Share(s) as per Register Folio No./CDC Account No.________________________ hereby opt for video conference facility at ______________________________ .

   ____________________
   Signature of the Member

where **you** come **first**

# 57 ویں سالانہ اجلاسِ عام کا نوٹس

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ ("بینک" یا "UBL") کے شیئر ہولڈرز کا 57 واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ، 25 مارچ 2016ء، بوقت صبح 09:30 بجے، بمقام اسلام آباد میریٹ ہوٹل، اسلام آباد، درج ذیل کاروباری اُمور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی امور:**

1- 27 مارچ 2015ء کو منعقدہ 56 ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

2- آڈٹ شدہ سالانہ حسابات (مجموعی اور غیر مجموعی)، بینک کے کوڈ آف کارپوریٹ گورننس 2012ء کی تعمیل کے اعلامیہ برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2015ء مع ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی اور ان پر غور وخوض اور موزوں سمجھے جانے پر منظوری۔

3- بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق مختتمہ 31 دسمبر 2015ء کے لیے 4 روپے فی شیئر کے حساب سے یعنی 40 فی صد کی شرح سے نقد منافع کی، جو پہلے سے اعلان کردہ/اداشدہ 90 فی صد عبوری منافع کے علاوہ ہے، ادائیگی پر غور وخوض اور موزوں سمجھے جانے پر منظوری۔

4- بینک کے اس سالانہ اجلاس عام سے آئندہ سالانہ اجلاسِ عام تک ذمہ داریاں سنبھالنے کے لیے دو بیرونی آڈیٹرز کی تقرری پر غور وخوض اور مناسب سمجھے جانے پر منظوری اور مشاہرے کا تعین۔ ریٹائر ہونے والے بیرونی آڈیٹرز یعنی میسرز A.F فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اور میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کی بنیاد پر خود کو دوبارہ تقرری کے لیے پیش کیا ہے۔

**خصوصی امور:**

5- بینک کے نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کو سال میں ہونے والے بورڈ اور/یا کمیٹیز کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے ادا کردہ مشاہرے کی رقم پر غور وغوض اور مناسب سمجھے جانے پر منظوری اور اس حوالے سے درج ذیل قرارداد، بطور عمومی قرارداد، ترمیم کے ساتھ یا بلاترمیم، اضافے یا تخفیف کے ساتھ منظور کرنا:

''طے پایا کہ یو بی ایل کے نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز بشمول چیئرمین کو 2015ء کے دوران منعقدہ بورڈ اور/یا کمیٹیز کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے مشاہرہ کی ادائیگی، جیسا کہ بینک کے 31 دسمبر 2015ء کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے نوٹ نمبر 37 میں دکھایا گیا ہے، بعد از عمل (post facto) کی بنیاد پر توثیق کی جاتی ہے اور منظوری دی جاتی ہے۔''

6- بینک کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن (دی آرٹیکلز) میں آرٹیکل (20) 94 کو حذف کر کے ترامیم پر غور وخوض اور مناسب سمجھے جانے پر منظوری دینا اور اس حوالے سے درج ذیل قرارداد، بطور خصوصی قرارداد، ترمیم کے ساتھ یا بلاترمیم، اضافے یا تخفیف کے ساتھ منظور کرنا:

''طے پایا کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی منظوری کی شرط پر یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل (20) 90 کو بذریعہ قرارداد ہٰذا حذف کیا جاتا ہے۔''

مذکورہ سالانہ اجلاسِ عام میں سرانجام دیے جانے والے مذکورہ خصوصی امور سے متعلق تفصیلی حقائق کا ایک اعلامیہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کی شق (b)(1)160 کے تحت سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کے ساتھ ممبران کو بھجوایا جا رہا ہے۔

7- چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر کاروباری کارروائی کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

عقیل احمد ناصر

کمپنی سیکرٹری اور چیف لیگل کاؤنسل

کراچی، 03 مارچ 2016ء

**اضافی معلومات (Notes):**

1- بینک کے شیئر منتقلی کے کھاتے 17 مارچ 2016ء سے 25 مارچ 2016ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گے۔ 16 مارچ 2016ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک بینک کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سیکنڈ فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 3، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، کراچی کو موصول ہونے والے ٹرانسفرز کیش ڈیویڈنڈ کے استحقاق کے تعین کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

2- اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کا حق رکھنے والا ممبر کسی دوسرے فرد کو شرکت اور حقِ رائے دہی کے استعمال کے لیے اپنا نمائندہ (پراکسی) مقرر کر سکتا ہے۔ نمائندے کی تقرری کی دستاویز اور مختار نامہ یا کوئی اور اتھارٹی (اگر کوئی ہو) جس کے تحت یہ تقرری کی گئی ہو یا اس اختیار یا اتھارٹی کی نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ نقل بینک کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر سیکنڈ فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 3، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، کراچی کو اس اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً موصول ہو جانی چاہیے۔

3- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اور سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو، جن کی تفصیلات شیئر بک ڈیٹیلز رپورٹ میں دستیاب ہوں، سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، شناخت کے مقصد کے تحت پیش کرنا ضروری ہوگا۔ ایسے اکاؤنٹ ہولڈرز اور سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو اپنا متعلقہ شرکتی شناختی نمبر اور CDC اکاؤنٹ نمبر بھی لانا/معلوم ہونا چاہیے اور نمائندے کی صورت میں، اسے لازماً اپنے CNIC یا پاسپورٹ کی ایک تصدیق شدہ نقل منسلک کرنا ہوگی۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندوں کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ کی تصدیق شدہ نقل اور/یا ایسی تمام دستاویزات ساتھ لانی چاہئیں جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی طرف سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، بتاریخ 26 جنوری 2000ء کے تحت ایسے مقصد کے لیے درکار ہیں۔

4- ممبران سے التماس ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی بروقت اطلاع دیں اور اپنے CNIC / NTN کی نقول ہمارے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، سیکنڈ فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 3، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، کراچی کو فراہم کریں۔ (اگر پہلے ہی فراہم نہ کی جا چکی ہوں)

5- ڈیویڈنڈ کی رقم پر ودھ ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی:

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 (''آرڈیننس'') کی شق 150 کے ضوابط کے مطابق کمپنیز کی ادا کردہ ڈیویڈنڈ کی رقم پر ودھ ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لیے مختلف شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔ ودھ ہولڈنگ ٹیکس کی موجودہ شرحیں درج ذیل ہیں:

(a) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کے لیے 12.5%

(b) انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لیے 17.5%

بینک کو کیش ڈیویڈنڈ کی رقم پر 17.5% فیصد کے بجائے 12.5% فیصد کی شرح سے ٹیکس کٹوتی کے قابل بنانے کے لیے تمام ایسے شیئر ہولڈرز کو، جن کے نام اس حقیقت کے باوجود کہ وہ ٹیکس گوشوارے جمع کراتے ہیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ۔ (ATL) میں شامل نہیں ہیں، ہدایت کی جاتی ہے کہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ڈیویڈنڈ وارنٹس کے اجرا کی تاریخ سے پہلے ان کے نام ATL میں شامل ہوں، بصورتِ دیگر ان کے کیش ڈیویڈنڈ پر 17.50% کے حساب سے ٹیکس کٹوتی کی جائے گی۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) کی تجدید اپنے متعلقہ شرکاء کے ساتھ کرانا ہوگی، جبکہ فزیکل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو اپنے نیشنل ٹیکس نمبر کے سرٹیفکیٹ کی نقل بینک کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، سیکنڈ فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 3، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، کراچی کو بھیجنا ہوگی۔ شیئر ہولڈرز کو نیشنل ٹیکس نمبر یا نیشنل ٹیکس نمبر کا سرٹیفکیٹ ارسال کرتے وقت، جس طرح کی بھی صورت حال ہو، اپنی کمپنی کا نام اور ان کے متعلقہ فولیو نمبرز کا حوالہ لازماً دینا ہوگا۔

FBR کے وضاحتی خطوط سرکلر نمبر WHT/2006(29)1 بتاریخ 30 جون 2010ء اور سرکلر نمبر 1(43)DG(WHT)/2008-Vol-II.66417-R بتاریخ 12 مئی 2015ء کے مطابق آرڈیننس کے سیکنڈ شیڈیول کے پیرا-IV کی دفعہ 47B کے تحت ودھ ہولڈنگ ٹیکس میں استثنیٰ کا دعویٰ کرنے کے لیے آرڈیننس کی شق 159 کے تحت ایک کارآمد استثنائی (Valid Exemption) سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازم ہے۔ وہ لوگ جو مندرجہ بالا دفعہ میں بیان کردہ درجہ بندی میں آتے ہیں، انہیں لازماً ایک کارآمد استثنائی (Valid Exemption) سرٹیفکیٹ ہمارے شیئر رجسٹرار کو مہیا کرنا ہوگا، بصورت دیگر ڈیویڈنڈ کی رقم پر آرٹیکل کی شق 150 میں مقرر شدہ شرحوں کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کر لی جائے گی۔

ایسے شیئر ہولڈرز کے لیے جو FBR کی جاری کردہ وضاحت کے مطابق مشترکہ طور پر شیئرز کے حامل ہوں، ودھ ہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر کی ''گوشوارے جمع کرانے/نہ جمع کرانے'' کی الگ الگ حیثیت پر اور اس کے ساتھ بطور مشترکہ مالک (مالکان) ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ لہٰذا ایسے تمام شیئر ہولڈرز کو، جو مشترکہ شیئرز کے حامل ہیں، پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کی طرف سے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ کی تحویل میں موجود شیئرز کے حوالے سے تحریری طور پر بمطابق ذیل شیئر ہولڈنگ کے تناسب فراہم کرنے ہوں گے:

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر: نام اور CNIC نمبر | پرنسپل شیئر ہولڈر: شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | مشترکہ شیئر ہولڈرز: نام اور CNIC نمبر | مشترکہ شیئر ہولڈرز: شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |

ممبران کسی سوال/دشواری/معلومات کے لیے بینک کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ سے درج ذیل پتے، فون/فیکس نمبرز اور ای میل ایڈریس پر رابطہ کر سکتے ہیں:

THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ہیڈ آفس

سیکنڈ فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 3، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، کراچی۔ پاکستان

P.O بکس نمبر 8533، UAN: +92-21-111-000-322

ڈائریکٹ: +92-21-35693094-95، فیکس: +92-21-35655595،

ای میل: secretariate@thk.com.pk

ویب: www.thk.com.pk

6- کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوری فراہمی (لازمی)

سیکیوریٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کے نوٹیفکیشن نمبر SRO.831 (1)/2012 بتاریخ 05 جولائی 2012ء کی پیروی میں، جو پہلے کے نوٹیفکیشن نمبر SRO779 (I)/2011 بتاریخ 12 اگست 2011ء کی جگہ جاری کیا گیا، SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ رجسٹرڈ ممبران کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ / NTN نمبر، ڈیویڈنڈ وارنٹس اور SECP کے پاس جمع کرائی جانے والی ہر لسٹ بشمول جمع کردہ فارم-A (شیئر ہولڈرز کی سالانہ فہرست) پر درج کریں۔

براہ کرم یہ دھیان میں رہے کہ فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کے معاملے میں، کارآمد CNIC کی عدم دستیابی کی صورت میں ان کے ڈیویڈنڈ وارنٹ روکے جا سکتے ہیں۔

لہٰذا آپ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت کی تاریخ سے دس (10) دن کے اندر اپنے کارآمد CNIC/NTN/پاسپورٹ کی نقل بینک کے شیئر رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ کے پاس جمع کرا دیں۔ اگر آپ پہلے ہی اپنے کارآمد CNIC کی نقل فراہم کر چکے ہیں تو براہ کرم یہ ہدایت نظر انداز کر دیں۔

7- ڈیویڈنڈ کی اجازت کا اختیار (E-Dividend)

کمپنیز آرڈیننس 1984 کی شق (1)250 کے تحت کوئی شیئر ہولڈر اگر چاہے تو کمپنی کو حکم دے سکتا ہے/سکتی ہے کہ اس کا ڈیویڈنڈ براہ راست اس کے بینک اکاؤنٹ میں ادا کیا جائے۔ سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایات بذریعہ سرکلر نمبر 18 برائے سال 2012ء بتاریخ 5 جون 2012 اور SECP لیٹر نمبر SM/CDC 8(4) 2008 بتاریخ 05 اپریل 2013ء کی پیروی میں شیئر ہولڈرز کو ترغیب دی جاتی ہے کہ بینک کو کیش ڈیویڈنڈ کی برقی ذریعے سے ادائیگی کے لیے ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فراہم کرے۔ نوٹس والے حصے کی شیئر ہولڈر کے رجسٹرڈ پتے پر ترسیل کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بینک ایسے شیئر ہولڈرز کو جنہوں نے بینک مینڈیٹ کا راستہ اختیار کیا ہو، ان کے اکاؤنٹس میں ڈیویڈنڈ وارنٹس کے الیکٹرونک کریڈٹ کے لیے مرحلہ وار طریقے سے اقدامات کر رہا ہے۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم ذیل میں منسلک ہے۔

**ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم**

میں، .................... ولد، بنت، زوجہ .................... بذریعہ ہٰذا یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کو اختیار دیتا/دیتی ہوں کہ اپنا اعلان کردہ کیش ڈیویڈنڈ براہ راست میرے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کرے، جس کی تفصیلات حسب ذیل ہیں:

(i) شیئر ہولڈر کی تفصیلات:

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر کا نام | |
| فولیو نمبر/CDC شراکتی شناخت اور اکاؤنٹ نمبر/سب اکاؤنٹ نمبر | |
| CNIC/NTN نمبر (کارآمد CNIC کی ایک تصدیق شدہ نقل منسلک ہے) | |
| پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی قومیت کی صورت میں۔ تصدیق شدہ نقل منسلک ہے) | |
| رابطہ نمبرز:<br>لینڈ لائن نمبر:<br>موبائل نمبر: | |

(ii) شیئر ہولڈر کے بینک کی تفصیلات:

| | |
|---|---|
| بینک اکاؤنٹ کا ٹائٹل | |
| بینک اکاؤنٹ نمبر | |
| بینک کا نام | |
| برانچ کا نام اور کوڈ نمبر | |

یہ اقرار کیا جاتا ہے کہ میری طرف سے دیے گئے مندرجہ بالا کوائف درست ہیں اور میں مستقبل میں مذکورہ کوائف میں کسی تبدیلی کی صورت میں بینک کو مطلع رکھوں گا۔

____________________

شیئر ہولڈر کے دستخط

فزیکل شیئر ہولڈرز کے لیے:

بینک مینڈیٹ کا اختیار حاصل کرنے کے لیے، براہ کرم مندرجہ بالا فارم پُر کریں اور بینک کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، سیکنڈ فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 3، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، کراچی کو ارسال کریں۔

CDC اکاؤنٹ ہولڈر کے لیے:

CDC انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈر براہ کرم نوٹ کر لیں کہ وہ بھی بینک مینڈیٹ کے اختیار کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں اور اس کے لیے انہیں سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کو ہدایت دینا پڑے گی۔

بروکریج ہاؤسز میں رکھے گئے سب اکاؤنٹس (CDC) کے مالکان کے لیے:

ایسے CDC اکاؤنٹ ہولڈرز، جنہوں نے بروکریج ہاؤس (ہاؤسز) میں اپنے اکاؤنٹ رکھے ہوئے ہیں، اپنے بینک اکاؤنٹ میں ڈیوڈنڈ براہ راست کریڈٹ کرانے کے لیے مذکورہ بالا فارم کے استعمال اور ترسیل کے ذریعے اپنے متعلقہ بروکریج ہاؤس کو بینک مینڈیٹ کا اختیار ریکارڈ کرنے کی ہدایت کر سکتے ہیں۔

براہ کرم یہ نوٹ کیا جائے کہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ اختیاری ہے، لازمی نہیں۔ اگر کوئی ممبر اپنے ڈیونڈنڈ کو براہ راست اپنے اکاؤنٹ میں کریڈٹ نہیں کرانا چاہتا/چاہتی تو وہ ایسے ممبر کو ڈیویڈنڈ وارنٹ کے طریقے سے فزیکل شکل میں ادا کیا جائے گا۔

8- سالانہ حسابات/مالیاتی گوشواروں اور نوٹس کی برقی ترسیل کے:

S.R.O.787(I)2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014 کے ذریعے، سیکیوریٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ اپنے ممبران کو سالانہ بیلنس شیٹ، نفع ونقصان اکاؤنٹ، آڈیٹر کی رپورٹ اور ڈائریکٹر کی رپورٹ مع سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع بذریعہ ای میل ارسال کر سکتی ہیں۔ جو ممبران اس سہولت کو حاصل کرنا چاہتے ہوں، اس مقصد کے لیے اپنے ای میل ایڈریسز کے ہمراہ، ای میل کے ذریعے company.secretary@ubl.com.pk پر بینک کو اپنی رضامندی دے سکتے ہیں۔

براہ کرم نوٹ کیا جائے کہ سالانہ رپورٹس/مالیاتی گوشوارے اس لنک پر بینک کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں http://www.ubldirect.com/Corporate/InvestorRelations/FinancialStatement.aspx

ایسی صورت میں جب کہ کوئی ممبر ای میل کے ذریعے سالانہ رپورٹس/مالیاتی گوشوارے اور سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع بذریعہ ای میل وصول کرنے کی رضامندی فراہم کر چکا ہو اور بعد ازاں ایک ہارڈ کاپی کے لیے درخواست کرے، ایسی درخواست کی وصولی کے 7 دن کے اندر بلامعاوضہ فراہم کی جائے گی۔

9- وڈیو کانفرنس سہولت کے لیے اظہارِ رضامندی:

SECP سرکلر نمبر 10 of 2014 بتاریخ 21 مئی 2014 کے مطابق ممبران کراچی اور/یا لاہور میں وڈیو کانفرنس سہولت کے ذریعے بھی AGM میں شریک اور شامل ہو سکتے ہیں، اگر وہ ان مقامات پر مقیم ہوں، اور مجموعی طور پر 10 فی صد یا زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ہوں، اور اجلاس کی تاریخ سے کم از کم دس (10) دن پہلے درج ذیل فارمیٹ کے مطابق وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے اپنی تحریری رضامندی فراہم کریں۔

10 فی صد یا زائد تعداد میں شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی رضامندی موصول ہونے کے بعد بینک اجلاس عام سے کم از کم پانچ (5) دن پہلے ممبران کو، انہیں ایسی سہولت تک رسائی کے قابل بنانے کے لیے درکار مکمل معلومات کے ساتھ کانفرنس کی سہولت کے مقام کی اطلاع فراہم کرے گا۔

**وڈیو کانفرنس سہولت کے لیے اظہارِ رضامندی**

میں/ہم ____________________ بتوسط ____________________، بحیثیت یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کے ایک ممبر، مالک ____________________ عدد عام شیئرز، بمطابق رجسٹر فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر بذریعہ ہٰذا وڈیو کانفرنس فیسیلیٹی بمقام حاصل کرنا چاہتا ہوں/چاہتے ہیں۔

ممبر کے دستخط ____________________

48x4